شرائط وضوابط (Terms and conditions)

1۔ٹھیکہ ہذا کی مدت چھ ماہ کے لئے یکم جولائی 2024 سے 31 دسمبر 2024 تک ہے۔

2۔خواہش مند بولی دہندہ مبلغ پچاس ہزار -/50,000روپے بطور زر ضمانت/ٹینڈر منی (قابل واپسی) بذریعہ چیک یا پے آرڈر بحق یو ایس ڈینم ملز پرائیویٹ لیمیٹڈ جمع کروائیں گے۔ناکام بولی دہندہ یہ رقم 8 جولائی 2024 تک واپس لے سکتے ہیں لیکن کامیاب بولی دہندہ اپنی اس رقم کو سکیورٹی/زرضمانت میں ایڈجسٹمنٹ کروا سکتے ہیں۔

3۔کامیاب بولی دہندہ معاہدے کے دستخط کے 02 دن کے اندر اپنا زرضمانت/سکیورٹی کی رقم جمع کروائیں گے۔زرضمانت/سکیورٹی کا شیڈول درج ذیل ہے۔

Security Deposit Schedule

WASTE CATEGORY	AMOUNT
TEXTILE WASTE	Rs. 03 Million Only
B GRADE FABRIC	Rs. 3.5 Million Only
CUT PIECE /LEAD CLOTH	Rs. 01 Million Only
FABRIC RAGS + SCISSOR CUT	Rs. 05 Lac Only
NON TEXTILE WASTE	Rs. 01 Million Only
REJECTED SAMPLE FABRIC	Rs. 1.5 Million Only

4۔منظور شدہ یا کامیاب بولی دہندہ کے لئے اپنا جی ایس ٹی اور این ٹی این سرٹیفکیٹ کی کاپی جمع کروانا لازمی ہے۔

5۔مال کی ترسیل 100% ایڈوانس کی بنیاد ہوگی۔یہ رقم کمپنی کے اکاؤنٹ میں بذریعہ کیش/آن لائن ٹرانسفر/پے آرڈر یا چیک کی صورت میں ہو سکتی ہے۔

6۔مال کی ادائیگی کسی صورت بھی سکیورٹی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں نہیں کی جائے گی جبکہ زرضمانت/سکیورٹی کی ادائیگی معاہدہ ختم ہونے کے بعد ٹھیکیدار کو واپس کر دی جائے گی۔

7۔ٹھیکیدار مندرجہ بالا اشیاء کی تمام مقدار ایک مہینے میں کم از کم 02 بار اٹھانے کا پابند ہوگا مزید یہ کہ ٹھیکیدار کو کسی بھی وقت مال اٹھانے کے لیئے بلایا جا سکتا ہے۔

8۔مال کی لوڈنگ سے پہلے 50% رقم ایڈوانس ادا کرنا ہوگی۔

9۔تمام لوڈنگ/ان لوڈنگ، مال کی چھانٹی اور دیگر حادثاتی اخراجات ٹھیکیدار کے ذمہ ہونگے۔

10۔کمپنی کو کسی بھی دوسرے کانٹے (Weighing Scale) سے لوڈ/ان لوڈ گاڑی کے وزن کی دوبارہ جانچ کروانے کا حق حاصل ہے۔

11۔معاہدہ پر عمل درآمد کے بعد کوئی سامان واپس وصول نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی کسی قسم کی کوئی گارنٹی قابل قبول ہوگی۔

12۔ٹھیکیدار کے ذمہ ہے کہ وہ خود یا اپنے نمائندہ کے ذریعے لوڈنگ سے پہلے بھیجے جانے والے مال کی جانچ پڑتال کرے اور گاڑیوں کے کمپنی احاطہ سے باہر جانے کے بعد کوئی شکایت/دعویٰ قابل قبول نہ ہوگا

13۔گاڑیوں کی لوڈنگ سکیورٹی سٹاف اور ڈسپیچ آفیسر کی موجودگی میں کی جائے گی۔

14۔اگر مال کو بارش/آگ یا کسی وجہ سے نقصان پہنچا تو قیمت کا تعین مال کی حالت کے پیش نظر کیا جائے گا۔

15۔کمپنی کسی بھی وقت معاہدہ منسوخ کرنے کا حق محفوظ **رکھتی** ہے۔

16۔لوڈ**نگ** کا وقت 0830 سے 1600 بجے **تک** ہوگا۔

17۔**اگر** کسی وجہ سے ٹھیکیدار مال نہیں اٹھا**تا** تو کمپنی یہ حق **رکھتی** ہے کہ مال کسی تیسرے فریق کو فرو**خت** کر دے جبکہ نقصان کا ازالہ ٹھیکیدار کی زرضما**نت** سے وصول کیا جائے گا۔

18۔لوڈر و معاون عملہ کے لئے فیکٹری میں داخلے کے لئے اصل شناختی کارڈ کا موجود ہو**نا** لازم ہے جبکہ گاڑی ڈرائیور کا اصل ڈرائیو**نگ لائسنس** ساتھ **ہونا** لازم ہے۔

19۔ٹھیکیدار اس **بات** کو یقینی بنائے گا کہ اس کے لوڈر، ڈرائیور و **دیگر** عملہ کمپنی کے تمام قواعد وضوابط کی **پا**بندی کریں گے۔

20۔ٹھیکیدار ویسٹ مال **یا** کیمیکل کے ڈرم کسی بھی ایسے مقصد کے لئے استعمال نہیں کرے گا جس سے **انسانی** زندگی **یا** ماحول کو نقصان **پہنچنے** کا خطرہ ہو۔

21۔مال کی درجہ بندی میں غلط بیانی، چوری، **یا** کسی بھی قسم کی مجرمانہ سر**گرمی** معاہدہ کی خلاف ورزی تصور کی جائیگی۔

22۔تمام بولی کی مقدار کا ڈیٹا **گزشتہ پا**نچ ماہ کی **تاریخی بنیادوں پر** فراہم کیا **گیا** ہے، یہ ان مقداروں اور مستقبل کے رجحانات کی تصدیق نہیں ہے۔

23۔معاہدہ کی مدت میں کسی بھی تنازعہ **یا** تشریح کی صورت میں کمپنی کے فیصلے کو ہر لحاظ سے حتمی تصور کیا جائے گا۔

24۔ہم اس معاہدہ کے ذریعے یہ عہد کرتے ہیں کہ ہم نے معاہدہ کی شرائط کو پڑھ لیا ہے اور سمجھ لیا ہے اور اس معاہدہ کی منظوری کی صورت میں کسی بھی عدم تعمیل کے لئے ذمہ دار ٹھہرائے جانے سے اتفاق کرتے ہیں۔